## سوال

حائضہ عورت کو مسعی میں بیٹھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ عورت کے لیے مسعی میں بیٹھنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں حائضہ عورت کے لیے مسعی میں بیٹھنا جائز ہے کیونکہ مسعی (صفا و مروہ کے درمیان کیبی وہ جگہ جہاں سعی کی جاتتی ہے) مسجد حرام میں شمار نہیں ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اگر طواف کے بعد اور سعی سے پہلے حائضہ ہو جائے تو وہ سعی کر سکتی ہے کیونکہ سعی طواف نہیں ہے اور نہ اس کے لیے طہارت شرط ہے ، لہذا اگر حائضہ مسعی میں بیٹھ کر اپنے اہل خانہ کا انتظار کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## محدث فتوی

### فتوی کمیٹی